PR NO 61

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کے افسران کی کوٹلی آزاد کشمیر میں کھلی کچہری

وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف متعدد شکایات موقع پر ہی نمٹا دیں

اسلام آباد(   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ڈائریکٹر جنرل محمد اشفاق احمد اور کنسلٹنٹ خالد سیال نے گزشتہ روز کوٹلی آزاد کشمیر میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور شکایات کے ازالے کے لئے متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کر کے متعدد شکایات موقع پر ہی نمٹا دیں۔ کھلی کچہری میں بڑی تعداد میں شکایت کنندگان نے شرکت کی اور پاسپورٹ آفس، ہائرایجوکیشن کمیشن، پوسٹل لائف انشورنس، اسٹیٹ لائف انشورنس، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، پاکستان پوسٹ آفس اور قومی بچت سمیت وفاقی محکموں کے خلاف کثیر تعداد میں شکایات پیش کیں۔ وفاقی محتسب کے افسران نے بعض شکایات پر موقع پر ہی ہدایات دیں جبکہ بعض شکایات متعلقہ محکمہ جات کے سربراہان کے ذریعے حل کروانے کی یقین دہانی کروائی۔ ڈائریکٹر جنرل نے کہا کہ آزاد کشمیر میں قائم وفاقی اداروں کے جملہ افسران و ملازمین قانون و قاعدے کے مطابق اپنے فرائض سرانجام دیں۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے اخباری نمائندوں سے ملاقات کے دوران وفاقی محتسب کے اقدامات، اختیارات، دائرہ کار اور شکایات داخل کرانے کے طریق کار کے بارے میں تفصیلی گفتگو کی۔ قبل ازیں وفاقی محتسب کے افسران نے وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی لیکچر بھی دیا۔ انہوں نے کھلی کچہری کے اغراض و مقاصد اور طریقہ کار کے بارے میں شکایات کنندگان کو بریف کیا۔ وفاقی محتسب کے افسران نے بتایا کہ کوئی بھی شہری سادہ کاغذ پر وفاقی محتسب کے نام درخواست دے سکتا ہے۔ وفاقی محتسب کا ادارہ 60 دنوں کے اندر ہر شکایت پر فیصلہ کر دیتا ہے۔ گزشتہ سال وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ایک لاکھ 93 ہزار سے زائد شکایات کے فیصلے کیے جو ایک ریکارڈ ہے۔ انھوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب نے آزاد کشمیر کے عوام کی سہولت اور وفاقی اداروں کے خلاف شکایات کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر مظفرآباد میں بھی وفاقی محتسب کا علاقائی دفتر قائم کر دیا ہے، جہاں وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایات داخل کی جا سکتی ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

15 نومبر 2024ء